﴾ازسرشتہ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولپنڈی﴿

﴾نوٹس﴿

بنام

پراپرٹی ڈیلرز / رئیل اسٹیٹ ایجنٹس

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا میٹروپولیٹن پلاننگ اینڈ ٹریفک انجینئرنگ (ایم پی اینڈ ٹی ای) ڈائریکٹوریٹ پنجاب ڈویلپمنٹ آف سٹیز ایکٹ -1976 اور پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم رولز-2021 کے تحت ضلع راولپنڈی میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف کاروائی کرتا ہے اور عوام الناس کی آگاہی کیلئے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کی حیثیت سے متعلق وقتاً فوقتاً پریس ریلز بھی جاری کی جاتی ہیں۔

جبکہ پراپرٹی ڈیلرز اور (Real Estate Agents) کسی بھی ہاؤسنگ سکیم میں پلاٹس رفائلز کی خرید وفروخت میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں لیکن یہ ان کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ کسی بھی ہاؤسنگ سکیم میں پلاٹس کی خرید وفروخت سے پہلے اس امر کو یقینی بنائے کہ وہ کسی غیر قانونی سکیم کی ایڈورٹائزمنٹ رپبلسٹی کا حصہ تو نہیں بن رہے ہیں۔ بلکہ پراپرٹی ڈیلرز اور (Real Estate Agents) کو ریگولیٹری اتھارٹیز کے ساتھ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیمز کے کاروبار کو روکنے اور عوام الناس کو ان کے جھانسے میں آنے سے بچانے کے لئے تعاون کرنا چاہیے نہ کہ اپنے کمیشن کی خاطر غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیموں کی فائلز رپلاٹ فروخت کروائے جائیں۔

اس سلسلے میں کسی بھی ہاؤسنگ سکیم کے پلاٹس کی خرید وفروخت سے قبل اس کی حیثیت سے متعلق متعلقہ محکمہ سے وضاحت ضرور حاصل کی جائے تاکہ عوام الناس آپ کی وجہ سے کسی بھی قسم کے دھوکہ رفراڈ سے بچ سکے۔ مزید براں عوام الناس کو ان کے مفاد میں تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ غیر قانونی وغیر مجاز سکیموں اور بلندوبالا عمارتوں میں بھی کسی قسم کی سرمایہ کاری کرنے میں محتاط رہیں اور جن کے پاس آر ڈی اے ریا متعلقہ محکمہ کی طرف سے کوئی NOC جاری نہیں کیا گیا ہے۔ ان سکیموں میں سرمایہ کاری کرنے سے گریز کریں۔

لہذا آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ آپ کسی بھی غیر قانونی رغیر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیم میں پلاٹوں کی خرید وفروخت سے گریز کریں۔ بصورت دیگر اگر محکمہ ہذا کے نوٹس میں ایسی اطلاع آئی کہ کوئی پراپرٹی ڈیلر ررئیل اسٹیٹ ایجنٹ کسی غیر قانونی رغیر منظور شدہ سکیم میں پلاٹوں رفائلوں کی خرید وفروخت میں ملوث ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائے گی کیونکہ آپ کے اس عمل سے آپ بھی عوام کو دھوکہ دہی کے مرتکب ہوں گے اور آپ کو اس غیر قانونی کام کا جواب دہ ہونا ہوگا۔ مزید براں یہ بھی وضاحت کی جاتی ہے کہ پلاٹوں کی فائلوں کی خرید وفروخت صریحاً غیر قانونی فعل ہے کیونکہ ان پلاٹوں کا سرے سے وجود ہی نہیں ہوتا ہے۔

جمشید آفتاب

چیف ٹاؤن پلانر

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی لیاقت باغ مری روڈ راولپنڈی

فون نمبر 051-5554043 فیکس نمبر:۔ 0515770389

CamScanner